میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

بدھ، 17رجب، 1439ھ | 04/04/2018 | نمبر: PR18025

28رجب، یوم سقوط خلافت:

امت کی ڈھال، نبوت کے منہج پر خلافت کو بحال کرو

اے پاکستان کے مسلمانو! اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَىٰ بِعَبْدِهِ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ

"وہ(ذات) پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو مسجد الحرام یعنی(خانہ کعبہ) سے مسجد اقصیٰ(یعنی بیت المقدس) تک لے گیا جس کے اردگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں تاکہ ہم اسے اپنی(قدرت کی) نشانیاں دکھائیں۔بے شک وہ سننے والا(اور) دیکھنے والا ہے" (الاسراء:1)۔

اور ہمارے آقا محمد ﷺ، جنہوں نے اس مہینے میں رات کا سفر (اسراء) اختیار کیا، نے فرمایا کہ وہ امام، خلیفہ جو اسلام کے تحت حکمرانی کرتا ہے، ہماری ڈھال ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ "بے شک خلیفہ ہی ڈھال ہے جس کے پیچھے رہ کر لڑا جاتا ہے اور اسی کے ذریعے تحفظ حاصل ہوتا ہے" (بخاری و مسلم)۔

یقیناً خلیفہ ہماری ڈھال ہے اور ہمارا تحفظ کرتا ہے۔یہ خلافت کا ہی دور تھا جب حضرت عمرؓ کی افواج نے مسجد اقصیٰ کی زمین کو دارالاسلام میں تبدیل کر دیا۔یہ خلافت کا ہی دور تھا جب فوجی کمانڈر صلاح الدین ایوبیؒ نے مسجد اقصیٰ کو صلیبیوں کے قبضے سے آزاد کرایا۔یہ خلافت کا ہی دور تھا کہ جب خلیفہ عبدالحمید دوئم نے یہود کے اس منصوبے کو رد کر دیا کہ انہیں مسجد اقصیٰ کے اردگرد آباد ہونے کی اجازت دی جائے اور اعلان کیا کہ، "جب تک میں زندہ ہوں ہمارے جسم (امت) کو تقسیم نہیں ہونے دوں گا، صرف ہماری لاشوں کو ہی یہ تقسیم کر سکتے ہیں!"۔

اے پاکستان کے مسلمانو! کتنا بدترین اور خوفناک سانحہ تھا جب ہم اپنی ڈھال، خلافت سے محروم ہو گئے تھے! 28رجب 1342ہجری بمطابق 3مارچ 1924کو برطانوی استعماریوں نے ہماری ڈھال خلافت کو عربوں اور ترکوں میں موجود غدار سہولت کاروں کے ذریعے تباہ کر دیا تھا۔ڈھال کی غیر موجودگی میں مغربی استعماریوں نے ہمارے علاقوں پر قبضہ کیا، ہماری دولت کو لوٹا اور پھر ہمیں پچاس سے زائد ممالک میں تقسیم کر دیا۔ڈھال کی غیر موجودگی میں غدار حکمرانوں نے سرزمین اسراء و معراج پر یہود کو قبضہ کرنے کی اجازت دی اور پھر اس کی حفاظت کرنے لگے۔ڈھال کی غیر موجودگی میں مسجد الاقصیٰ آزادی کے لیے چیختی چلاتی ہے لیکن کوئی صلاح الدین موجود نہیں جو اس کی پکار سنے اور اس پر لبیک کہے۔ڈھال کی غیر موجودگی میں فلسطین، مقبوضہ کشمیر، برما (میانمار)، افغانستان، عراق، مشرقی ترکستان اور شام اور دوسرے علاقوں میں ہمیں ذبح کیا گیا۔رسول اللہ ﷺ کے صحابی حنظلہؓ نے کیا درست فرمایا:

عجبت لما يخوض الناس فيه, يرومون الخلافة أن تزولا – ولو زالت لزال الخير عنهم, ولاقوا بعدها ذلا ذليلا

"میں ان لوگوں پر حیران ہوتا ہوں جو خلافت کی تباہی چاہتے ہیں۔اگر یہ ختم ہو گئی تو ان پر سے خیر کا خاتمہ ہو جائے گا اور اس کے بعد وہ شدید ذلت و رسوائی کا شکار ہو جائیں گے"!

اے پاکستان کے مسلمانو! بہت برداشت کر لیا ایسے حکمرانوں کو جنہیں صرف اپنے اقتدار اور مال لوٹنے کے مزید مواقعوں سے دلچسپی ہوتی ہے اور پھر ہمیں ہمارے دشمنوں کے سامنے ذلیل کرواتے ہیں! بہت برداشت کر لیا ایسے حکمرانوں کو جو ڈھال کا کردار ادا نہیں کرتے بلکہ ہماری بندوقوں کو ہمارے ہی سروں پر تان رکھا ہے! یہ بہترین وقت ہے کہ ہم اپنی ڈھال کو بحال کرنے کے لیے زبردست جدوجہد کریں۔اور اس طرح رسول اللہ ﷺ کی جانب سے اس خوشخبری کو حقیقت بنتے دیکھ لیں جب ظلم کے دور کا خاتمہ ہو گا اور نبوت کے طریقے پر خلافت کی واپسی ہو گی۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ثُمَّ تَكُونُ مُلْكًا جَبْرِيَّةً فَتَكُونُ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَكُونَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا إِذَا شَاءَ أَنْ يَرْفَعَهَا ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ ثُمَّ سَكَتَ

"پھر ظلم کی حکمرانی ہو گی اور اس وقت تک رہے گی جب تک اللہ چاہیں گے۔پھر جب اللہ چاہیں گے اسے ختم کر دیں گے۔پھر خلافت ہو گی نبوت کے منہج (طریقے) پر" (احمد)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK